# پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

30اگست، 2018

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات
## ''ڈی مراٹھہ سہکاری بینک لمیٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر''

دی مراٹھہ سہکاری بینک لمیٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو ریزروبینک نے اپنے 31 اگست، 2016 کی ڈائریکٹو کے ذریعہ مورخہ 31 اگست، 2016 کو کام کے اوقات کے بعد سے ہدایات کے تحت رکھا تھا۔ان ہدایات کی ویلیڈٹی میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی آخر میں 26 فروری، 2018 کی ڈائریکٹو سے اس بینک کو نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 31 اگست، 2018 تک ہدایات میں توسیع دی گئی تھی۔

عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ مطلع کیا ہے کہ 31 اگست، 2018 کے ڈائریکٹو جس میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی گئی ہیں اور اس بینک کے لئے جو ہدایات جاری کی گئی ہیں وہ اس بینک پر مزید 3 ماہ تک یعنی یکم ستمبر، 2018 سے 30 نومبر، 2018 تک لاگو رہیں گی یہ ہدایات 24 اگست، 2018 کی ڈائریکٹو کے ذریعہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ جاری کی گئی ہیں۔

24 اگست، 2018 کے ڈائریکٹو کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے مندرجہ بالا توسیع کے بارے میں بتاتے ہوئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی جائے۔

ریزروبینک کے ذریعہ مندرجہ بالا توسیع/ترمیم کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ریزروبینک اس بینک کی مالی حالت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 502/2018-2019